Urdu



# سیاہ فام اور ایشیائی لوگوں میں ڈیمینشیا کی دیکھ بھال

Dementia
Dekh
Bhaal

tide™
together in dementia everyday

# فکر انگیز باتیں

دراصل اپنی الگ الگ شناخت کی حامل بہت (BAME)سیاہ فام اور ایشیائی اقلیتی کمیو نٹی سی کمیونٹیوں کا مجموعہ ہے۔ ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کوئی بھی واحد طے شدہ طریقہ نہیں ہے۔

کمیونٹیز میں ڈیمینشیا کے لیے کوئی عام فہم اور واضح لفظ نہیں ہے۔ چنانچہ BAME برطانیہ کی یہ لوگ ڈیمینشیا کی علامات اور اثرات کے بارے میں بہت کم آگاہ ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ضروری معلومات اور معاون خدمات حاصل کرنے میں تاخیر ہوجاتی ہے۔جب تک دیکھ بھال کرنے والے محکمہ صحت یا معاشرتی نگہداشت سے مدد لیتے ہیں تب تک عام بحران یا پریشانی پیدا ہو چکی ہوتی ہے۔

ان کمیونیٹیز میں بدنامی کا دھبہ سمجھا جانے کے باعث ڈیمینشیا کا مسئلہ دیکھ بھال کرنے والوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے کہ وہ ڈیمینشیا کی دیکھ بھال کی ذمہ داریوں سے کیسے نمٹیں۔

## ڈیمینشیا کا شکار لوگوں پر اثر



الجھن اور تذبذب، روزمرہ کے کاموں میں مشکلات، نام اور الفاظ کا بھولنا
پیشہ وارانہ اعانت کے حصول میں تاخیر
تنہا محسوس کرنا؛ خاص کر ان جگہوں پر جہاں ڈیمینشیا کو دماغی بیماری، کالا جادو یا جناتی سایہ سمجھا جائے

## فیملی میں دیکھ بھال کرنے والوں پر اثر



غلط فہمی یا مایوسی، یہ معلوم نہ ہو پانا کہ فیملی ممبر کس مشکل میں ہے یا اس کا رویہ مختلف کیوں ہے؟
رشتے دار کے برتاؤ یا رویے کے متعلق تذبذب اور الجھن
تشخیص کے لیے معاونت کے حصول میں تاخیر
مدد اور اعانت کے حصول میں تاخیر
خاندان اور معاشرے کی طرف سے شکوک و شبہات اور چیلنجز کا سامنا

# سیاہ فام اور ایشیائی کمیونٹیز میں ڈیمینشیا

لوگوں میں ڈیمینشیا کے تقریبا بیس پچیس ہزار BAME اس وقت پورے برطانیہ میں BAME مریض ہیں۔ اگلی کچھ دہائیوں میں یہ تعداد سات سے آٹھ گنا بڑھ سکتی ہے۔ کمیونٹیز میں ڈیمینشیا کی دیکھ بھال کرنے والوں میں بھی اضافہ ہو گا۔

ڈیمینشیا کے بارے میں کسی عمومی لفظ کا نہ ہونا اور اس سے آگاہ نہ ہونے کا مطلب یہ ہو گا کہ دیکھ بھال کرنے والے ڈیمینشیا سے متعلق جانے بغیر صحت کے پیچیدہ مسائل سے نبرد آزما ہوں گے۔

کمیونٹی اور عقیدے پر مبنی معاونت کو فوقیت دی جائے گی۔ لیکن بد نامی کے خوف کے باعث وہ جانی پہچانی تنظیموں سے معاونت حاصل کرنے کے قابل نہ ہوں گے

## کمیونیٹیز پر اثر

ڈیمینشیا کے بارے میں معلومات کی کمی کا مطلب کمیونٹی کی سطح پر کم آگہی ہو گا۔
معاشرتی تہمت سمجھے جانے کے باعث ڈیمینشیا کے متعلق علم اور آگاہی کا حصول مشکل ہو گا۔
آگاہی کی کمی کے باعث کمیونٹی کی بنیادوں پر خدمات کی فراہمی محدود ہو جائے گی۔

## خدمات (سہولیات) پر اثر

کمیونٹیز میں ڈیمینشیا کے مریض یا ان کی دیکھ بھال کرنے والے BAME مدد طلب نہیں کریں گے۔
دیکھ بھال کرنے والوں کو (بیماری سے) نمٹنے میں دشواریوں کا سامنا
مسئلے کی مہنگی دیکھ بھال
ثقافتی طور پر مناسب دیکھ بھال کی کمی

ڈیمنشیا دیکھ بھال ، جس کا مطلب ہے 'ڈیمینشیا میں بتلا افراد کا خیال رکھنا، جناب شاہد محمد کا ایک منصوبہ ہے۔ یہ ٹائڈ کا پروجیکٹ ہے جس کا مطلب ہے سابقہ کیریئر (دیکھ بھال رکھنے والے فرد)کی حیثیت سے شاہد صاحب کا تجربہ اور کمیونٹی کو باہم مربوط رکھنے کی ان کی مہارت کے باعث ہی ٹائڈ نے لوگوں کی دیکھ بھال کی ضروریات کو کامیابی سے پورا کیا ہے۔ ڈیمینشیا دیکھ بھال کرنے والوں کی بھرپور آگہی، تربیت اور تشہیر کے ذریعے مدد کرتے ہوئے ڈیمنشیا دیکھ بھال پروگرام نے برطانیہ بھر سے ڈیمینشیا کے نگہداشت رکھنے والوں کو اکٹھا کیا ہے تاکہ سیاہ فام اور ایشیائی ڈیمینشیا کیریئر کی آواز کو تقویت بخشی جا سکے۔

اس بارے میں مزید معلومات کے لئے کہ ہم ڈیمینشیا میں بتلا سیاہ فام اور ایشیائی لوگوں یاڈیمینشیا میں بتلا کسی رشتے دار کی دیکھ بھال کرنے والوں یا سیاہ فام اور ایشیائ کمیونٹیز میں ڈیمینشیا کی دیکھ بھال کی خواہاں تنظیموں کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں اس کے لیے براہ کرم شاہد محمد سے رابطہ کریں


## 07841 421157

## ای میل :

## shahid@lifestorynetwork.org.uk


https://www.tide.uk.net/dementia-dekh-baal-evaluation-report/